گوگل کلاس روم کو کیسے استعمال کیا جائے

گوگل کلاس روم بہت آسانی سے استعمال کیا جانے والا ٹول ہے۔ جس کے ذریعے اساتزہ اپنی کلاسوں کے طالب علموں کو معلومات بھیجتے ہیں۔ آپ کی بیٹی کے پاس اس کے اسکول ٹائم ٹیبل کے تمام مضامین کی گوگل کلاس روم میں "کلاس" ہے۔ جس میں وہ اس طرح لاگ ان کر سکتے ہیں یا تو گوگل کلاس روم ویب سائٹ پر ویب براوزر کے ذریعے جا کر، یا پھر اپنے فون یا ٹیبلٹ پر گوگل کلاس روم ایپ [گوگل پلے، ایپ سٹور] کے ذریعے۔ گوگل کلاس روم میں جا کر وہ تمام اعلانات/پیغامات اور کام/ہوم ورک دیکھ سکتی ہیں جو کہ اس کی ٹیچر نے اسے بھیجا ہے۔ کیوں نہ آپ اپنی بچی سے کہیں کہ وہ آپ کو اپنا گوگل کلاس روم اکائنٹ دکھائے جب وہ اس کو استعمال کر رہی ہو تا کہ آپ ان کے تجربہ کو بہتر طور پر سمجھ سکیں؟

کلاس میں شامل ہونے کے دو طریقے ہیں جہاں آپ کی بیٹی کے لیے تمام معلومات سٹور کی جائیں گی۔ تا کہ وہ اپنے مضمون کی ٹیچر سے باہمی انٹرایکٹ کر سکے وہ:

- کوڈ کے ذریعے کلاس میں شامل ہونا- اگر اسکی ٹیچر نے اس کو کوڈ دیا ہے اس کوڈ کو ڈال کر کلاس میں شامل ہوں۔ اس کی ٹیچر نے کلاس کے دوران کوڈ دیا ہو یا پھر ای۔ میل میں بھیجا ہو گا۔
- اپنی استاد کی جانب سے دی گئی دعوت کو قبول کرنا۔ اگر اس کی ٹیچر اس کو کلاس میں شامل ہونے کی دعوت دے ایسی صورت میں اپنی کلاس روم کے ہوم پیج کلاس میں شامل ہونے کا کلاس کارڈ دیکھے گی

کمپیوٹر

ویب براؤزر کے ذریعے گوگل کلاس روم ویبسائٹ پر جائیں

کلاس میں بطور طالب علم شامل ہوں

1۔سب سے اوپر **جائن کلاس** پر کلک کریں

2۔استاد نے جو کوڈ دیا ہے،اس کو داخل کریں اور **جائن** پر کلک کریں کلاس کوڈ 6 سے 7 الفاظ یا نمبروں پر مشتمل ہوتا ہے۔



اپنے استاد کی جانب سے دی گئی دعوت قبول کرنا۔

1۔کلاس کارڈ پر **جائن** کو کلک کریں



فون یا ٹیبلٹ (اینڈرائڈ یا ایپل)

اپنے فون یا ٹیبلٹ گوگل کلاس روم ایپ پر جائیں۔

بطور طالب علم کلاس میں شامل ہوں۔

1۔ نیچے دائیں کونے میں جائن کلاس کو ٹیپ کریں



2۔ بکس میں ٹیچر نے جو کوڈ دیا ہے اس کو ڈالیں اور جائن کو ٹیپ کریں
ایک کلاس کوڈ 6 سے 7 الفاظ یا نمبروں پر مشتمل ہوتا ہے
استاد کی جانب سے دعوت کو قبول کرنا

1۔ کلاس کارڈ پر **جائن** کو ٹیپ کریں۔

اپنی کلاس کی معلومات کو دیکھنا

آپ اپنی کلاس کی معلومات کو سٹریم پیج پر دیکھ سکتی ہوا گر آپ کی ٹیچر نے معلومات دی ہو۔اس میں کلاس کا مضمون، کمرہ نمبر اور دیگر معلومات آپ کو نظر آئیں گی۔

کمپیوٹر پر

1 -پر جائیں classroom.google.com

2۔سٹریم پر کلک کریں

3۔بالکل اوپر تصویر کے نیچے کی جانب والے تیر پر کلک کریں۔

4۔اور اگر معلومات چھپانا چاہیں تو اوپر والے تیر پر کلک کریں

اینڈراڈ

1۔کلاس روم پر ٹیپ کریں

۲۔کلاس سٹریم پر ٹیپ کریں

۳۔اوپر دائیں کونے میں معلومات ٹیپ کریں

آئی اوایس

1۔کلاس روم پر ٹیپ کریں

2۔کلاس سٹریم پر ٹیپ کریں

۳۔اوپر دائیں کونے میں معلومات ٹیپ کریں